تبصرے

جدید رسائل

جامعہ مرتبہ جناب عبداللطیف صاحب اعظمی تقطیع کلاں ضخامت ۶۰ صفحات کتابت وطباعت اعلیٰ۔ سالانہ چندہ چھ روپیہ۔ پتہ جامعہ نگر نئی دہلی۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کا مشہور اور بلند پایہ ماہنامہ عرصہ سے بند تھا۔ مگر خوشی کی بات ہو کہ نومبر ۶۰ء میں جوبلی کے بعد سے یہ پھر پابندی کے ساتھ نکلنا شروع ہوا ہو اور ظاہری ومعنوی خصوصیاتِ دیرینہ کا حامل ہو۔ ادبی، تعلیمی اور سیاسی موضوعات پر سنجیدہ، مفید اور معلوماتی مضامین، ایک آدھ بلند پایہ غزل اور حالاتِ حاضرہ پر تبصرہ، یہ ہر اشاعت میں ہوتے ہیں۔ کبھی کبھی اسلامی موضوعات پر بھی مقالہ ہوتا ہے ضرورت ہو کہ اس نوع کے مضامین کی تعداد بڑھائی جائے۔ بہرحال جو لوگ اردو زبان وادب کا سنجیدہ ذوق رکھتے ہیں اُن کے لئے جامعہ کا دوبارہ اجرار بڑا امید افزا ہے۔

القاسم دیوبند۔ اڈیٹر سید عبدالرؤف صاحب عالی مظاہری القاسمی۔ تقطیع کلاں ضخامت ۴۸ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت سالانہ پانچ روپے۔ پتہ:- دارالفکر دیوبند۔ ضلع سہارنپور۔ یہ ماہنامہ گذشتہ چند ماہ سے دیوبند سے نکلنا شروع ہوا ہو۔ یہ خالص اسلامی اور مذہبی ماہنامہ ہے لیکن مضامین میں تنوع ہوتا ہے اور وہ سنجیدہ اور پُر مغز معلومات کے حامل ہوتے ہیں۔ زبان وبیان بھی سلجھے ہوئے اور شگفتہ ہوتے ہیں۔ رفتارِ عالم کے ایک مستقل عنوان کے علاوہ عالم اسلام سے متعلق ایک آدھ معلوماتی مقالہ بھی شریکِ اشاعت ہوتا ہے۔ پھر اس رسالہ کی سب سے بڑی افادیت یہ ہے کہ اس میں دو صفحے جدید عربی کے درس کے لئے وقف ہوتے ہیں۔ ادارتی شذرات۔ مقالات اور تبصرے ارکانِ ادارہ کے سنجیدہ وشگفتہ علمی وادبی ذوق کا پتہ دیتے ہیں۔ اگر یہ رسالہ ان صبر آزما حالات میں جاری رہ سکا تو اردو کے صفِ اوّل کے ماہناموں میں اپنا مقام حاصل کرلیگا۔